# الیکشن کمیشن آف پاکستان

(شعبہ تعلقات عامہ)

## پریس ریلیز

مورخہ 12 ستمبر 2017ء

الیکشن کمیشن آف پاکستان نے بعض ٹی وی چینلز پر چلنے والی خبر کے حوالے سے وضاحت کی ہے کہ قومی اسمبلی کے حلقہ این اے 120 لاہور میں ہونے والے ضمنی انتخاب کے شیڈول جاری ہونے کے ساتھ ہی صوبائی حکومت کو ہدایات جاری کی گئی ہیں کہ حلقے کے حدود میں کسی قسم کی ترقیاتی سکیم نہ تو شروع کی جاسکتی ہے اور نہ ہی اس کا اعلان کیا جاسکتا ہے۔

اس سلسلے میں چیف سیکرٹری پنجاب کو مورخہ 21 اگست 2017ء کو باقاعدہ طور پر ایک مراسلہ ارسال کیا گیا تھا۔ علاوہ ازیں ریٹرننگ آفیسر حلقہ این اے 120 لاہور نے بھی میئر لاہور اور دیگر متعلقہ حکام کو گاہے بگاہے ہدایات جاری کی ہے کہ ضمنی انتخاب کے اختتام تک حلقے میں ہر قسم کی ترقیاتی سکیموں پر پابندی عائد ہے۔

☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆